© rasailojaraid.com

ادبیات

نذرِ عقیدت

محسنِ دو عالم حضور سرورِ کائنات فخرِ موجودات علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی بارگاہ میں

از

جناب روشن صدیقی

ازل، محرابِ ایوانِ محمدؐ ابد، شمعِ شبستانِ محمدؐ
تشکر ہے بہ ہر انداز محدود ہے لا محدود احسانِ محمدؐ
عبودیت ہو یا ختمِ نبوت ہر اک عظمت ہے شایانِ محمدؐ
جفاکارانِ مکہ سرنگوں ہیں ہے عفوِ عام فرمانِ محمدؐ
کوئی بدلہ نہیں ظلم و ستم کا مگر لطفِ فراوانِ محمدؐ
ادھر کانٹے بچھائے جا رہے ہیں ادھر گل ریز دامانِ محمدؐ
پناہیں ڈھونڈتے ہیں دشمنِ جاں پناہِ کل ہے دامانِ محمدؐ
وہ بدخو، جس سے اپنے بھی ہیں بیزار وہی بدخو ہے مہمانِ محمدؐ
مساکین و یتامیٰ کی یہ قسمت کہ ہیں خاصانِ خاصانِ محمدؐ
جلالِ عظمتِ نوعِ بشر ہیں غلامانِ غلامانِ محمدؐ
بچھائے چشم و دل ارض و سمانے جہاں پہنچا ہے فرمانِ محمدؐ

خراماں زندگی کا کارواں ہے
ردائے صبحِ صادق گل فشاں ہے

*

تری مشکل کشائی کے تصدق ہر اک مشکل کو آساں کردیا ہے
زہے رحمت کہ فیضانِ نظر نے بہائم کو بھی انساں کردیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جو تھے غارت گرِ تہذیب اُن کو — تمدن کا نگہباں کر دیا ہے
حیا و شرم کی پاکیزگی سے — مُزیّن حسنِ ایماں کر دیا ہے
جمالِ زندگی بخشتا ہے جس کو — مسیح و خضرِ دوراں کر دیا ہے
فقیروں کو عطا کی بادشاہی — ضعیفوں کو سلیماں کر دیا ہے
جو ذرے پردۂ ظلمت میں گم تھے — انھیں مہرِ درخشاں کر دیا ہے
جنھیں خدام کہتا تھا زمانہ — انھیں مخدومِ دوراں کر دیا ہے
غرورِ خواجگی کا سر جھکا کر — غلاموں کو بھی سلطاں کر دیا ہے
بنا کر بے نیازِ ساز و ساماں — امیرِ ساز و ساماں کر دیا ہے
بنا کر دولت و محنت کو یک دل — بڑی مشکل کو آساں کر دیا ہے
مٹا کر جبرِ اوہامِ کہن کو — اندھیرے میں چراغاں کر دیا ہے
خزاں بنیاد ویرانوں کو تو نے — گلستاں در گلستاں کر دیا ہے
وہ شمعیں آندھیوں میں جل رہی ہیں — جنھیں تو نے فروزاں کر دیا ہے
بڑھا کر احترامِ صنفِ نازک — نگہبانِ دل و جاں کر دیا ہے
سکھا کر شیوۂ تہذیبِ مستور — ادب آموزِ ایماں کر دیا ہے
بشر کو دولتِ اخلاص دے کر — امینِ حسنِ یزداں کر دیا ہے
بہشتِ سرمدی کی راحتوں کو — شریکِ دردِ انساں کر دیا ہے
بنایا ہے اُسے خیرِ مجسّم — جسے تو نے مسلماں کر دیا ہے

متاعِ کُل ہے فیضِ عام تیرا
مرادِ زندگی ہے نام تیرا

تجھے دیکھا تو وجدانِ دلِ یقیں نے — کلامِ خالقِ اکبر کو سمجھا
خلوصِ بندگی کی روشنی میں — جلالِ مسجد و منبر کو سمجھا
ہوئے روشن در و بامِ مدینہ — تو "والصبح اذا اسفر" کو سمجھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مسلماں جنّت و کوثر سے بڑھ کر دلِ بیدار و چشمِ تر کو سمجھا

سراپا حسن لامحدود ہے تو
حیاتِ عشق کا مقصود ہے تو

*

وہی چشم و چراغِ زندگی ہے کہ جس کو روشنی تجھ سے ملی ہے
مکمل امتزاجِ دین و دنیا یہ مشکل تجھ سے آساں ہوگئی ہے
حقیقت ماورائے خیر و شر ہے کہ خیر و شر لباسِ آدمی ہے
سراپا درد جس کی زندگی ہو وہ شایانِ حیاتِ سرمدی ہے
محبت، حسنِ خاصانِ خدا کا محبت، جلوۂ پیغمبری ہے
محبت بے غرض سب سے محبت تری تعلیم کا حاصل یہی ہے
جسے پاسِ حقوقِ آدمی ہو وہی راز آشنائے بندگی ہے
جسے قابو رہا دست و زباں پر حضورِ حق مسلماں بھی وہی ہے
نہیں کچھ اسود و احمر پہ موقوف مکرم ہے وہی جو متقی ہے
جسے آرام کی خو ہو وہ محتاج جو بے دل دادۂ محنت غنی ہے
جسے کہتے ہیں تقدیرِ الٰہی وہی حسنِ عمل کا نام بھی ہے
خدا کا آسرا ایمانِ روشن توکل خلق پر شرکِ جلی ہے
بہت کھوئے گئے راہِ طلب میں فروغِ ترک سے منزل ملی ہے
جسے کوئی تمنا ہو نہ حسرت حریمِ ناز کے قابل وہی ہے
قرارِ جاں ہو ذکر و فکر جس کو وہی درد آشنا مردِ دلی ہے
بہ ہر صورت زمیں کی بادشاہی عبادِ حق کے قدموں پر جھکی ہے
جسے معروف و منکر کا رہا ہوش وہ شایانِ خودی و بیخودی ہے
محبت بے غرض سب سے محبت تری تعلیم کا حاصل یہی ہے

© rasailojaraid.com